نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان کا دورہ

چینی سائنسدانوں کے ساتھ اشتراک سے اچھی اقسام کی دریافت کے لیے تحقیقی سرگرمیاں عمل میں لائی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب

پریس ریلیز

لاہور: **28 جولائی2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ملتان میں پرانا شجاع آباد روڈ پر ایگریکلچر فارم کا دورہ کیا اور کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب ڈاکٹر ساجد الرحمان، نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر کاٹن سمیت بہاولپور، خانپور، وہاڑی، ساہیوال اور فیصل آباد میں قائم ریسرچ اسٹیشنز کے ہیڈز نے شرکت کی۔سیکرٹری زراعت نے سائنسدانوں کو کلائمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت کا ٹاسک سونپا۔انہوں نے ہدایت کی کہ موجودہ کپاس کی فیلڈ میں کارکردگی کے نتیجے میں اقسام کا سروے کیا جائے اور آئندہ سال بہتر کارکردگی والی اقسام کی کاشت کے بارے میں سفارشات دی جائیں۔انہوں نے مزید ہدایت دی کہ چینی سائنسدانوں کے ساتھ اشتراک سے اچھی اقسام کی دریافت کے لیے تحقیقی سرگرمیاں عمل میں لائی جائیں۔دریں اثنا، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں آم کے باغات کی بہتری کے لیے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں متعلقہ افسران سمیت ماہر آم عبدالغفار گریوال کو آم کے لیے پی سی ون تیار کرنے کا ٹاسک دیا گیا۔

پنجاب میں آم کی پیداوار اور کوالٹی میں اضافے کے لیے سائنسدانوں کو خصوصی ٹاسک سونپے گئے۔اس موقع پر افتخار علی سہو کا کہنا تھا کہ آم کے برآمدی حجم میں اضافہ ناگزیر ہے۔ مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق نرسریوں اور باغات کے فروغ، پوسٹ ہارویسٹ ٹیکنالوجی اور شیلف لائف بڑھانے کے لیے تحقیقی سرگرمیاں مزید تیز کی جائیں۔سیکرٹری زراعت نے پوسٹ ہارویسٹ لیبارٹری میں آم کی مختلف اقسام کا معائنہ بھی کیا۔

بعد ازاں، افتخار علی سہو نے ایگریکلچرل میکانائزیشن ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا اور فارم میکانائزیشن کے لیے جدید مشینری و ایمری کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے ایمری کیا انجینئرنگ فیلڈ ونگ کو سبسڈی پر دی جانے والی زرعی مشینری کی سٹینڈرڈائزیشن اور سپیسیفکیشن یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ نیز، بینک فنانسنگ کے ذریعے زیادہ سے زیادہ سروس پرووائیڈرز اور کاشتکاروں کو ہائی ٹیک مشینری خریدنے کی سہولت سے متعلق آگاہی دینے کی ہدایت بھی کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ایمری کے لان میں شجرکاری مہم کے تحت پودا بھی لگایا۔ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، ساجد نصیر و دیگر بھی موجود تھے

☆☆☆☆